**13.11.2024**
**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں ................. آسیہ میمونہ

**Music**

☆ وزیراعظم نریندرمودی نے بہار کے دربھنگہ میں کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد رکھا اور افتتاح کیا۔ پورے ملک کے کئی ریلوے اسٹیشنوں پر 18 بھارتی جن اَوشدھی کیندروں کو ملک کے نام وقف کیا۔
☆ جھارکھنڈ اسمبلی انتخابات میں دوپہر ایک بجے تک 46 اعشاریہ دو پانچ فیصد ووٹنگ ریکارڈ کی گئی۔
☆ مہاراشٹر اسمبلی انتخابات میں انتخابی مہم اپنے شباب پر پہنچ گئی ہے۔ سیاسی لیڈر ووٹروں کی حمایت حاصل کرنے کیلئے پوری کوشش کررہے ہیں۔
☆ صدرجمہوریہ دروپدی مرمو نے ترقی یافتہ بھارت کے نظریئے کو حاصل کرنے کیلئے گاؤوں کی ترقی پر زور دیا ہے۔
☆ سپریم کورٹ نے جائدادوں کو منہدم کرنے سے متعلق ضابطے وضع کیے ہیں۔ سپریم کورٹ نے کہا ہے کہ بغیر باضابطہ اجازت کے کسی بھی طرح کی انہدامی کارروائی کو منمانا سمجھا جائے گا۔
☆ اور بیڈمنٹن میں پی وی سندھو جاپان میں Kumamoto ماسٹرس ٹورنامنٹ کے خواتین کے سنگلز پری کوارٹر فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔

اب خبریں تفصیل سے............

**PM Bihar**

وزیراعظم نریندر مودی نے آج بہار کے دربھنگہ میں 12 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ کی مالیت کے مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کا سنگ بنیاد رکھا اور انہیں ملک کے نام وقف کیا۔
علاقے میں صحت کے بنیادی ڈھانچے کو فروغ دینے کے ایک اہم اقدام کے طور پر وزیراعظم مودی نے ایمس دربھنگہ کا سنگ بنیاد رکھا جس کی لاگت ایک ہزار 260 کروڑ روپے سے زیادہ ہے۔ اِس ایمس میں ایک سپراسپیشلٹی ہاسپٹل، آیوش بلاک، میڈیکل کالج، نرسنگ کالج، رین بسیرا اور رہائشی سہولتیں ہوں گی۔

وزیراعظم مودی نے آج ملک بھر کے مختلف ریلوے اسٹیشنوں پر 18 پردھان منتری بھارتی جَن اَوشدھی کیندروں کا بھی افتتاح کیا۔ جناب مودی نے ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعہ بہار کے دربھنگہ سے دیگر ترقیاتی پروجیکٹوں کے ساتھ اِن کیندروں کا افتتاح کیا۔ اِن کیندروں سے ریلوے اسٹیشنوں پر مسافروں کے لیےسستی دواؤں کی دستیابی کو یقینی بنایا جاسکے گا۔

اِس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ سرکار ملک میں صحت کے بنیادی ڈھانچے کومستحکم کرنے کے لیے ایک جامع نظریے کے ساتھ کام کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی توجہ عوام کوسستی اور مفت صحت خدمات اور دوائیں فراہم کرنے پر مرکوز ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ اگلے پانچ سال میں 75 ہزار نئ میڈیکل سیٹوں کا اضافہ کیا جائے گا۔

جناب مودی نے کہا کہ اقتصادی طور پر کمزور طبقات کے لیے ملک بھر میں ایک لاکھ 50 ہزار سے زیادہ آیوشمان آروگیہ مندر کھولے جاچکے ہیں۔

## Jharkhand Polling

جھارکھنڈ میں سخت حفاظتی انتظامات کے دوران آج پہلے مرحلے کے اسمبلی انتخابات کیلئے پولنگ جاری ہے۔ایڈیشنل چیف انتخابی افسر ڈاکٹر نیہا اروڑہ نے بتایا کہ دوپہر ایک بجے تک 46 اعشاریہ دو-پانچ فیصد ووٹنگ ریکارڈ کی گئی تھی۔

پولنگ 15 ضلعوں کے 43 حلقوں میں ہو رہی ہے، جو آج شام پانچ بجے ختم ہوجائے گی۔ البتہ 31 حلقوں میں 950 حساس بوتھوں پر، پولنگ کا عمل سہ پہر چار بجے ہی ختم ہو جائے گا۔ ایک کروڑ 37 لاکھ سے زیادہ رائے دہندگان، 683 امیدواروں کی سیاسی قسمت کا فیصلہ کریں گے، جن میں 73 خواتین ہیں۔

سرائے کیلہ سے BJP کے امیدوار سابق وزیراعلیٰ چمپئی سورین، رانچی سے راجیہ سبھا کے MP اور JMM کے امیدوار مہوا ماجی، لوہار داگا سے کانگریس کے رامیشور Orao ، جمشید پور مغرب سے جنتا دل یونائیٹیڈ کے سریو رائے اور Ichagarh سے AJSU کے ہرے لال مہتو اُن اہم امیدواروں میں سے ہیں، جن کی قسمت کا فیصلہ آج ہوجائیگا۔

اعلیٰ انتخابی افسر کے-روی کمار نے ووٹروں سے اپیل کی ہے کہ وہ بے خوف ہوکر اپنا ووٹ دیں۔

## Jharkhand Campaigning

جھارکھنڈ میں انتخابات کے پہلے مرحلے کی ووٹنگ کے دوران NDA اور I.N.D.I.A بلاک کے لیڈران اُن علاقوں میں انتخابی جلسوں سے خطاب کررہے ہیں، جہاں 20 نومبر کو ووٹنگ ہونی ہے۔سینئر BJP لیڈر اور وزیراعظم نریندرمودی ریاست میں دو انتخابی جلسوں سے خطاب کریں گے۔ پہلا انتخابی جلسہ دیوگھر میں Sarath کے سرسا میدان میں دوپہر دو بجے ہوگا، جبکہ دوسرا ، سہ تین بجکر 15 منٹ پر Godda میں Poraiyahat کے Sikatia میدان میں ہوگا۔

JMM کے سینئر لیڈر اور وزیراعلیٰ ہیمنت سورین بھی INDIA الائنس کی حمایت میں ایک انتخابی جلسے سے خطاب کریں گے۔ x

## MAHA Compaigning

مہاراشٹر میں انتخابی مہم میں شدت آ گئی ہے اور سیاسی پارٹیوں کے رہنما ووٹروں کی حمایت حاصل کرنے کیلئے ریاست کے مختلف

حصوں میں چناؤ مہم چلا رہے ہیں۔ مہاراشٹر قانون ساز اسمبلی کی 288 سیٹوں اور ناندیڑ لوک سبھا سیٹ کیلئے ضمنی انتخاب 20 نومبر کو ہوگا۔ ووٹوں کی گنتی 23 نومبر کو ہوگی۔

مرکزی وزیر اور BJP کے سینئر لیڈر امت شاہ، دُھولے، جلگاؤں اور پربھنی میں ریلیوں سے خطاب کرنے والے ہیں۔ BJP کے صدر جے پی نڈا ممبئی اور Ahilyanagar میں انتخابی مہم کریں گے۔ مرکزی وزیر نتین گڈکری چندرپور اور ناگپور میں مختلف حلقوں میں انتخابی مہم میں حصہ لیں گے۔

اترپردیش کے وزیراعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ واشم اور تھانے میں انتخابی مہم کریں گے۔ کانگریس صدر ملک ارجن کھڑگے لاتور اور شولا پور میں مہم چلائیں گے۔

تلنگانہ کے وزیراعلیٰ ریونت ریڈی ممبئی میں مہم کریں گے، NCP (SP) کے چیف شرد پوار پونے، ناشک اور اہلّیہ نگر میں MVA کے امیدواروں کی حمایت میں مہم میں حصہ لیں گے۔

## Kerala Voter Turnout

کیرالہ کے لوک سبھا حلقے وائناڈ میں صبح 11 بجے تک 27 فیصد ووٹنگ ریکارڈ کی گئی ہے۔ لوگ پورے جوش وخروش کے ساتھ بڑی تعداد میں اپنے حلقے میں ووٹ ڈالنے کے لیے آ رہے ہیں۔ وائناڈ میں یونائیٹڈ ڈیموکریٹک فرنٹ UDF کی پرینکا گاندھی، لیفٹ ڈیموکریٹک فرنٹ LDF کے Sathyan Mokeri اور قومی جمہوری اتحاد NDA کی Navya Haridas کے درمیان سہ رخی مقابلہ ہے۔ وائناڈ سے انتخابی میدان میں کُل 16 امیدوار ہیں۔ Chelakkara ریزروڈ اسمبلی حلقہ میں، جہاں چھ امیدوار انتخابی میدان میں ہیں، پہلے دو گھنٹوں کے دوران 14 اعشاریہ چھ-صفر فیصد ووٹنگ ہوئی ہے۔ Chelakkara میں بھی تین بڑی سیاسی پارٹیاں UDF، LDF اور NDA کے درمیان سہ رخی مقابلہ ہے۔

## Bye Election

مغربی بنگال میں چھ اسمبلی حلقوں کے ضمنی انتخاب میں اِکادُکا واقعات کو چھوڑ کر پولنگ پُرامن طریقے سے جاری ہے۔ تمام پولنگ مراکز پر ویب کاسٹنگ سسٹم لگایا گیا ہے۔

آسام میں بھی پانچ اسمبلی حلقوں کے ضمنی انتخاب میں پولنگ پُرامن طریقے سے جاری ہے۔ 9 لاکھ سے زائد رائے دہندگان 34 امیدواروں کی سیاسی قسمت کا فیصلہ کرنے کے لیے ووٹ ڈال رہے ہیں۔ کُل ایک ہزار 78 پولنگ مراکز قائم کیے گئے ہیں۔ پانچوں اسمبلی حلقوں میں پُرامن پولنگ کو یقینی بنانے کے لیے مناسب تعداد میں سیکورٹی اہلکار تعینات کیے گئے ہیں۔

## Chhattisgarh Padyatra

چھتیس گڑھ کے قبائلی علاقے Jashpur میں قبائیلیوں کے وقار کے دِن کے موقع پر بھگوان برسا مُنڈا کا یوم پیدائش منانے کیلئے ماٹی کے ویر نام سے ایک پد یاترا نکالی جارہی ہے۔ کھیلوں، جوانوں کی بہبود اور محنت کے مرکزی وزیر ڈاکٹر منسکھ مانڈویہ

اِس پدیاترا میں حصہ لے رہے ہیں۔ چھتیس گڑھ کے وزیراعلیٰ وِشنو دیو SAI اور ریاستی کابینہ کے دیگر ممبران بھی شرکت کررہے ہیں۔ اِس پدیاترا کا انعقاد مائی بھارت والنٹیئر س نے کیا ہے۔ اِس سات کلو میٹر لمبی پدیاترا میں بڑی تعداد میں نوجوان حصہ لے رہے ہیں۔ پدیاترا کے افتتاحی پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے مرکزی وزیر ڈاکٹر مانڈویہ نے کہا کہ ملک کے نوجوان خاص طور سے قبائلی علاقوں کے نوجوانوں کو ترقی یافتہ بھارت کے نظریئے کوتکمیل تک پہنچانے میں اپنا تعاون دینا چاہیئے۔x

## Gujrat President

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا ہے کہ سیاحت کے شعبے کی ترقی سے نہ صرف ہماری ثقافت کو فروغ ملتا ہے بلکہ نوجوانوں کیلئے روزگار کے بڑے مواقع پیدا ہوتے ہیں۔ صدرجمہوریہ مرکز کے زیر انتظام علاقے دادرا اور نگر حویلی اور دمن اور دیو کے تین روزہ دورے پر ہیں۔

انھوں نے مرکز کے زیر انتظام اِس علاقے میں اسپورٹ اِیرینا اور Zanda Chowk اسکول اور گیم زون کے فیز دو سمیت کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کا افتتاح کیا۔ اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے صدرجمہوریہ نے دمن اور دیو اور دادرا نگر حویلی کی انتظامیہ کی جانب سے سیاحت، تعلیم اور علاقے میں صنعتی ترقی کے شعبے میں کوششوں کی تعریف کی۔

صدرجمہوریہ نے اِس بات پر بھی زور دیا کہ ترقی یافتہ بھارت کے نظریئے کو حاصل کرنے کیلئے گاؤوں کی ترقی بھی ضروری ہے۔ صدرجمہوریہ نے اِس بات کی بھی توثیق کی کہ مرکزی حکومت قبائلی برادریوں کی فلاح و بہبود کیلئے پابند عہد ہے۔

اِس سے قبل صدرجمہوریہ نے Silvassa میں نمو طبی تعلیم اور ریسرچ انسٹی ٹیوٹ کا دورہ کیا۔ بعد میں صدرجمہوریہ Diu میں INS Khukhri پر بھی جائیں گی۔x

## SC Judgement Bulldozer

سپریم کورٹ نے فیصلہ سنایا ہے کہ عاملہ جائیدادوں کو مسمار کرکے فرد کے جرم کا تعین کرنے میں عدلیہ کے طور پر کام نہیں کرسکتی۔ ملزمان کے خلاف حکام کی جانب سے بلڈوزر ایکشن کو چیلنج کرنے والی درخواستوں کی سماعت کرتے ہوئے ایک اہم فیصلے میں عدالت عالیہ نے کہا کہ قانونی اجازت کے بغیر کوئی بھی انہدامی کارروائی کو منمانا تصور کیا جائے گا۔

قانون کی حکمرانی کو جمہوری طرز حکمرانی کی بنیاد قرار دیتے ہوئے سپریم کورٹ نے اُجاگر کیا کہ عاملہ خود سے ایک ملزم کے جرم کا فیصلہ نہیں کرسکتی اور منمانا انہدامی کارروائی اختیارات کی تفریق کے اصول کی خلاف ورزی ہے۔

دو ججوں کی ایک بینچ نے املاک کے غیرمجاز انہدام کی روک تھام کے لیے ملک بھر کے لیے رہنما خطوط بھی جاری کیے ہیں۔ سپریم کورٹ نے کہا ہے کہ وجہ بتاؤ نوٹس کے بغیر کوئی بھی انہدامی کارروائی نہیں ہونی چاہیئے۔

**Japan Masters Sindhu**

بھارتی بیڈمنٹن کھلاڑی پی وی سندھو آج **Kumamoto** ماسٹرس جاپان سپر **500** ٹورنامنٹ کے خواتین سنگلز کے پری کوارٹر فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔ سندھو نے تھائی لینڈ کی **Busanan Ongbamrungphan** کو ایک بہت ہی آسان میچ میں صرف **38** منٹ میں اکیس-بارہ، اکیس- آٹھ سے ہرادیا۔

دن میں ایک دیگر میچ میں آج بھارت کے لکشیہ سین ملیشیا کے **Leong Jun Hao** سے مقابلہ کرنے کے لیے تیار ہیں۔

☆☆☆